Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک ، 21 اگست 2026ء ، 7 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 124

محنت اور خون پسینے کی کمائی کو رشوت کی نذر نہیں ہونے دیا جائیگا، وزیراعلیٰ پنجاب

حکومت کی جانب سے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کرنے کے لیے متعدد منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جبکہ کسانوں اور کم آمدنی والے افراد کے لیے بھی مختلف فلاحی پروگرام جاری ہیں

حکومت کا مقصد عوام کے وسائل کو عوام ہی کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنا ہے اور اس مقصد کے لیے کرپشن کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ شفافیت اور میرٹ کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ٹیکنیکل ونگ میں سافٹ ویئر انجینئرز سے بات چیت کر رہی ہیں

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ عوام کی محنت اور خون پسینے کی کمائی کو رشوت اور کرپشن کی نذر نہیں ہونے دیا جائے گا، ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانا حکومت کی ترجیح ہے۔ لاہور میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک میں خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ ہم آپ کے گریبانوں تک پہنچیں گے، کیونکہ قوم کا جو بھی پیسہ ہے وہ عوام کی (بقیہ نمبر 1)

نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ

سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع کردی

حکومتی پالیسی یا موقف کے خلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) حکومت نے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع کردی جبکہ نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سرکاری افسران کے ذاتی سوشل (بقیہ نمبر 2)

پاکستان کسٹمز سروس افسران کے سابقہ این او سیز منسوخ

آئندہ کسی بھی معاملے میں این او سی حاصل کرنے کے لیے نئے قواعد کے تحت درخواست دینا ہوگی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پاکستان کسٹمز سروس کے افسران کو ماضی میں جاری کیے گئے تمام این او سیز اور اجازت نامے منسوخ کر دیے۔ ایف بی آر نے پرانے قواعد کے تحت جاری تمام این (بقیہ نمبر 5)

اسلحہ ڈیلرز پر نئی پابندی عائد، بیجیٹل انوینٹری لازمی قرار

سٹاک، خرید و فروخت، دستیاب اسلحے کا ریکارڈ پورٹل پر درج کرنے کے پابند ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اسلحہ ڈیلرز کی نگرانی مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا جس کے تحت محکمہ داخلہ پنجاب نے تمام اسلحہ ڈیلرز کے لیے ڈیجیٹل انوینٹری لازمی قرار دے دی ہے۔ نئے نظام کے تحت اسلحہ ڈیلرز (بقیہ نمبر 4)

20 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

12 افسران گریڈ 19 میں ترقی دے کر نئی تعیناتی پر رپورٹ کرنے کی ہدایت، سیکشن آفیسر خزانہ کا بھی تبادلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 21 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے، تبدیل ہونے والے 12 افسران گریڈ 19 میں ترقی دے کر نئی تعیناتی پر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور شرکاء پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں تقریب کے دوران قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

وزیراعظم نے اپوزیشن کو معاملات طے کرنے کی دعوت دے دی

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو معاملات طے کرنے کی دعوت دے دی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 7)

عظیم قومیں اپنے ہیرو کو کبھی فراموش نہیں کرتیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا راشد منہاس کے یوم شہادت پر پیغام

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راشد منہاس شہید کی عظیم قربانی پر خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے خاندانوں کو سلام پیش کیا۔ راشد منہاس کی 55 ویں یوم شہادت پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عظیم (بقیہ نمبر 6)

مریم نواز کا ستھرا پنجاب ورکر کو ہر ماہ 5 تاریخ سے قبل ادائیگی یقینی بنانے کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر 151 میں سے 149 ستھرا پنجاب کمپنی کے ورکرز کو ادائیگی مکمل کر لی گئی

دفتروں میں آرام سے بیٹھ کر تنخواہیں لینے والے لوگ گوارہ نہیں، کام کرنا ہوگا' وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب ورکر کو ہر ماہ پانچ تاریخ سے پہلے ادائیگی یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر 151 میں سے 149 ستھرا پنجاب کمپنی کے ورکرز کو ادائیگی مکمل کر لی گئی۔ ستھرا پنجاب ورکرز کو بروقت ادائیگی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت اور فوری قانونی کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے، کمرشل اور رہائشی علاقوں میں ہر ماہ (بقیہ نمبر 8)

پری مون سون تیاری، ڈی سلٹنگ اور جدید مشینری نے پنجاب کو مؤثر نکاسیِ آب کے قابل بنایا، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں پانی خود خشک ہونے کا انتظار نہیں کیا جاتا

پنجاب کے جس واسا سے سیکھتے ہیں اسکے خلاف بولتے ہیں، یہ سب کیسے کر لیتے ہیں؟، سترہ سال بعد بھی اپنی نالائقیاں دوسروں پر ڈالنے کی انکی عادت نہیں گئی

پنڈی میں ریکارڈ بارش کے باوجود چند گھنٹوں کے اندر نکاسیِ آب یقینی بنائی گئی، وزیراعلیٰ پنجاب سے لیکر واسا کے گراؤنڈ ورکرز تک پوری مشینری بارش کے دوران متحرک رہی

پنجاب کے 990 نئے ڈرینج ڈیمکلز بارش کے پانی کی فوری نکاسی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب خود نکاسیِ آب کے آپریشن کی نگرانی اور انتظامیہ سے مسلسل رپورٹس لے رہی ہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے ریکارڈ بارشوں اور مون سون کے متعدد اسپیلز کے باوجود پنڈی میں نکاسیِ آب کے لیے مؤثر اور بروقت اقدامات کیے ہیں۔ بارش کے مختلف اسپیلز کے دوران پانی کی نکاسی کا عمل بارش رکنے کا انتظار کیے بغیر جاری رکھا گیا، جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب سے لے کر واسا کے گراؤنڈ ورکرز تک پوری سرکاری مشینری فیلڈ میں متحرک رہی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ شدید بارش کے بعد پانی کا جمع ہونا دنیا کے بیشتر بڑے شہروں میں ایک معمول کی صورتحال ہے، اصل کامیابی یہ ہے کہ جمع ہونے والے پانی کو کتنے کم وقت میں نکال دیا جاتا ہے۔ پنجاب حکومت نے اسی مقصد کے لیے جدید مشینری اور مؤثر انتظامی نظام وضع کیا ہے تاکہ شہریوں کو کم سے کم وقت میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے واسا کو 990 نئی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں جو بارش کے پانی کی نکاسی کے لیے گراؤنڈ میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہیں۔ شدید بارش کے دوران بھی نکاسیِ آب کا عمل مسلسل جاری رکھا جاتا ہے اور حکومت کا فوکس پانی کھڑا ہونے کے بجائے اسے فوری طور پر نکالنے پر ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پنجاب حکومت کی مون سون سے قبل جامع تیاری محض (بقیہ نمبر 16)

وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران ارکانِ پارلیمنٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس ایم ایز کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار

نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان کا انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026 کی اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے (بقیہ نمبر 22)

ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کی "پلانٹس فری ہوم ڈیلیوری" مہم کامیابی سے جاری

مون سون سیزن میں اب تک 74,500 سے زائد پودے شہریوں میں تقسیم

لاہور (این این آئی) ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے زیر اہتمام صوبائی دارالحکومت شہر لاہور کو سرسبز و شاداب بنانے اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے جاری "پلانٹس فری ہوم ڈیلیوری" مہم کامیابی سے جاری ہے۔ رواں مون سون شجرکاری مہم کے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شدید بارش کے باوجود آئیسکو کا ڈسٹری بیوشن سسٹم بحال

فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی قابلِ تحسین، فیڈرز فالٹ ٹرانسفارمرز اور انفرادی شکایات کے ازالے کے لئے آپریشن سٹاف مکمل متحرک ہے

صارفین اور لائن سٹاف احتیاطی اور حفاظتی تدابیر پر عمل کریں، چیف ایگزیکٹیو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو ریجن میں ہونے والی شدید بارش اور مختلف مقامات پر پانی جمع ہونے کے باعث انڈر گراؤنڈ کیبل فالٹر اوور ہیڈ ٹرانسفارمرز فالٹر فیڈرز فالٹر اور صارفین کی انفرادی شکایات بڑی تعداد میں موصول ہوئیں تاہم آئیسکو کی آپریشن اور کنسٹرکشن ٹیموں نے خراب موسمی حالات کے باوجود بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بجلی کی فراہمی میں آنے والے تعطل اور (بقیہ نمبر 17)

دوسری شادی کے لیے ڈکیتی مزاحمت پر قتل کا ڈرامہ بے نقاب

بورے والا (این این آئی) بورے والا میں خاتون کے قتل کو ڈکیتی مزاحمت کا رنگ دینے کی کوشش بے نقاب ہوگئی۔ پولیس کے مطابق مقتولہ مریم بی بی کو گھریلو ناچاقی پر اس کے شوہر عدنان نے فائرنگ کر کے قتل کیا، جسے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم عدنان کی مقتولہ مریم بی بی سے دس سال قبل شادی ہوئی تھی اور وہ مبینہ طور پر کسی دوسری لڑکی سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ ملزم نے رات گئے ہسپتال چیک اپ کے بہانے مریم بی بی کو گھر سے نکالا اور راستے میں سر پر فائر مار کر قتل کر دیا۔ (بقیہ نمبر 24)

مخالفین کی فائرنگ سے 3 خواتین جاں بحق، ایک کمسن بچی زخمی

جاں بحق افراد کی لاشیں پولیس کے حوالے کردی گئیں، مزید کارروائی جاری

کوآنہ (این این آئی) فیصل آباد ریسکیو کنٹرول روم کو بلٹ انجری کی ایمرجنسی کال موصول ہوئی، اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ روانہ کر دی گئیں۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق پرانی دشمنی کے باعث مخالفین نے خانہ بدوشوں کی جھگیوں پر دھاوا بولا، مزاحمت کے دوران فائرنگ کر دی گئی۔ فائرنگ کے نتیجے میں 55 سالہ زبیدہ بی بی، (بقیہ نمبر 18)

پیرا فورس کی کارروائی پر تاجروں کا احتجاج، مبینہ تشدد کا الزام

سیل شدہ دکانوں کے شٹر دوبارہ کھولنے پر تاجروں، اہلکاروں کے درمیان تلخ کلامی ہوگئی

لاہور (این این آئی) شاہ عالم مارکیٹ میں پیرا فورس کی کارروائی کے خلاف تاجروں نے احتجاج کیا ہے، تاجروں کی جانب سے پیرا فورس کے اہلکاروں پر مبینہ تشدد کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ تاجروں نے الزام عائد کیا کہ پیرا فورس نے غیر قانونی قرار دے (بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم نے اپوزیشن کو معاملات طے کرنے کی دعوت دے دی

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو معاملات طے کرنے کی دعوت دے دی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 7)

گاڑی سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد، تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے موٹروے سروس ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے ایک گاڑی سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گاڑی سے (بقیہ نمبر 9)

سائبر کرائم میں غیر ملکیوں کی گرفتاری کی عمارت ہی سب جیل قرار

آن لائن فراڈ میں ملوث غیر ملکیوں کو اسی عمارت میں رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے کے چھاپے کے دوران بین الاقوامی سائبر کریمنلز کو حراست میں رکھنے کے معاملے پر ایک اور سب جیل قائم کر دی گئی۔ چھاپے کے دوران آن لائن فراڈ میں ملوث غیر ملکیوں کو اسی عمارت میں رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جہاں سے انہیں گرفتار کیا گیا تھا۔ چیف کمشنر اسلام آباد نے سیکٹر آئی ٹین میں سب جیل کو سب لاک اپ قرار دے دیا ہے۔ این سی سی آئی اے کی درخواست پر اسلام آباد میں سب (بقیہ نمبر 10)

نکاسیِ آب کی روانی ہر صورت یقینی بنائی جائے، رانا جاوید صفدر

بارش کے دوران فیلڈ آپریشنز میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام عملہ مکمل طور پر الرٹ رہے

سینئر مینیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال اور مینیجر آپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے سینئر مینیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال اور مینیجر آپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا، انہوں نے بارش کے دوران فیلڈ میں جاری صفائی آپریشن، نالیوں کی صفائی، پانی کی نکاسی، ویسٹ کلیکٹرس اور فیلڈ عملے کی موجودگی و کارکردگی کا موقع پر جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 11)

پاک بھارت امن کی راہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے نکل سکتی ہے: شیری رحمٰن

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ کشمیر کی متنازع حیثیت پر غیر ذمے دارانہ بیانات قابلِ قبول نہیں، یہ عالمی سطح پر تسلیم شدہ تنازع ہے۔ مقبوضہ کشمیر سے متعلق امریکی سفیر کے بیان پر ردِعمل میں شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ کشمیر (بقیہ نمبر 12)

ایم ڈی ایس نصاب میں بڑی تبدیلی کرنے کا فیصلہ

آپریٹو ڈینٹسٹری، پروسٹھوڈونٹکس، آرتھوڈونٹکس، اورل اینڈ میکسیلو فیشل سرجری شامل

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے ماسٹر آف ڈینٹل سرجری چار اہم سپیشلٹیز کا نصاب 20 سال بعد جدید تقاضوں کے مطابق تبدیل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منظوری یونیورسٹی کے ایڈوانسڈ سٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے (بقیہ نمبر 13)

بلدیاتی انتخابات 15 دسمبر سے 15 جنوری تک کروانے پر اتفاق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن اور پنجاب حکومت کے درمیان 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے درمیان صوبے میں بلدیاتی انتخابات کروانے پر اتفاق ہوگیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی صدارت میں پنجاب میں مقامی حکومتوں کے الیکشن کی تاریخ مقرر کرنے کے حوالے (بقیہ نمبر 14)

لاہور: مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈارگوگل کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے موقع پر پیسیفک ایشیاء کے نائب صدر ولسن وائٹ سے گفتگو کر رہے ہیں

ڈیفنس فورسز ایکٹ اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم منظور

ترمیم کا مقصد چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے اور چیف آف ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کے حوالے سے متعلقہ انتظامی امور کا تعین کرنا ہے

نیشنل کمانڈ ایکٹ 2010 میں ترمیم شدہ مسودہ بھی منظوری کے لیے پارلیمان میں پیش کیا جائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 کی ترامیم کی منظوری دے دی۔ یہ ترامیم زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ نے دفاعی افواج ایکٹ 2026 (Defence Forces Act 2026) کے مسودے کی منظوری دے دی۔ یہ مسودہ 27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے کی گئی ترامیم کے تسلسل میں تیار کیا گیا ہے اور اسکا مقصد چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے اور چیف آف ڈیفنس فورسز (بقیہ نمبر 15)

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں اہل سنت تحفظ ناموس رسالت کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

14 اگست کو ڈوبنے والے تمام 5 افراد کے جسدِ خاکی برآمد

ایک ہی خاندان کے 3 افراد، باپ اور اس کے 2 بیٹے بھی شامل تھے

پشاور (این این آئی) ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا نے 14 اگست کو ہنڈ صوابی، چارسدہ اور دیگر مقامات پر ڈوبنے کے بعد لاپتا ہونے والے تمام 5 افراد کی تلاش کا سرچ آپریشن مکمل کر لیا۔ ریسکیو 1122 کے ماہر غوطہ خوروں نے مشکل اور خطرناک حالات کے باوجود مسلسل سرچ آپریشن جاری رکھتے ہوئے مرحلہ وار تمام لاپتا افراد کے جسدِ خاکی (بقیہ نمبر 19)

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کجرات کے نشیبی علاقوں کا دورہ کر کے نکاسی آب کا جائزہ لے رہے ہیں

فضائی حدود کی بندش نے بھارتی ایئر لائنز کو زمین پر گرا دیا

2 ارب ڈالر کا نقصان، بھارتی ایئر لائنز کا فضائی آپریشن مشکلات کا شکار

لاہور (این این آئی) پاکستان کی فضائی حدود کی بندش نے بھارتی ایئر لائنز کے لیے فضائی آپریشن جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے، دو ارب ڈالر سے زائد کے مالی نقصان کے بعد بھارت کی پانچ بڑی ایئر لائنز، جن میں ایئر انڈیا، انڈیگو، ایئر انڈیا ایکسپریس، اکاسا ایئر اور اسپائس جیٹ شامل ہیں، کے لیے برطانیہ، یورپ، امریکا اور دیگر ممالک کے لیے فضائی آپریشن جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان جاری (بقیہ نمبر 20)

وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کر دیں

ملکی قرضوں پر 5 برس کے دوران 32 ہزار ارب روپے سود ادا کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کر دیں، دسمبر 2025 تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت نے پانچ برس میں قرضوں پر 32 ہزار 239 ارب روپے سود ادا کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق دسمبر 2025 تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت کا اندرون ملک سے حاصل کردہ قرضہ 55 ہزار 363 ارب روپے ہے، حکومت کا غیر ملکی (بقیہ نمبر 21)

کیڈٹ کالج چوآسیدن شاہ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا 19 واں اجلاس

پرنسپل کی تعیناتی کے تمام مراحل میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں

تعلیمی اداروں کی اولین ترجیح کوالٹی ایجوکیشن اور معاشرے کی تعمیر ہونی چاہیے، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت کیڈٹ کالج چوآسیدن شاہ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا 19 واں اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اس اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن زینیا ہمایوں، ایکٹنگ پرنسپل کیڈٹ کالج چوآسیدن شاہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں کیڈٹ کالج کے انتظامی، تعلیمی اور مالی (بقیہ نمبر 25)

عمران خان کو جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں، رانا ثناء

شفا ہسپتال منتقلی کے خلاف نظر ثانی درخواست دوبارہ دائر کی جا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو جو ریلیف دیا گیا وہ قانون کے مطابق نہیں، ان کی شفا ہسپتال منتقلی کے خلاف نظر ثانی درخواست دوبارہ دائر کی جا رہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکی پی ٹی آئی عمران خان کو ہسپتال منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف نظر ثانی درخواست دوبارہ دائر کی جا رہی ہے، نظر ثانی کی درخواست کے بعد جو بھی (بقیہ نمبر 27)

نالہ ڈیک سے 6 کلو وزنی بھارتی ساختہ اینٹی ٹینک مائن برآمد

نارووال (این این آئی) سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ایک اور کارروائی کرتے ہوئے موضع ٹیڑھا کے مقام پر نالہ ڈیک سے چھ کلو وزنی اینٹی ٹینک 9 مائن برآمد کر کے اسے ناکارہ بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ نے فوری (بقیہ نمبر 28)

مری پانی کی کمی کا شکار علاقوں کی خصوصی نگرانی

ضلع مری میں پانی کی قلت سے دو چار علاقوں میں واسا (WASA) مری کو مکمل طور پر متحرک کر دیا گیا ہے

شہری پانی کے ضیاع سے بچیں اور اس بحران پر قابو پانے میں فیلڈ ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر مری

وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران ارکانِ پارلیمنٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

مری (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے، ضلع مری میں پانی کی قلت سے دو چار علاقوں میں واسا (WASA) مری کو مکمل طور پر متحرک کر دیا گیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ٹینکرز کے ذریعے صاف پانی کی ترسیل کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ضلع کے مختلف علاقوں میں واسا کی جانب سے مفت پانی کی فراہمی کی سہولت جاری ہے۔ واسا کی خصوصی ٹیمیں خدمت خلق میں مصروف عمل ہیں۔ اس (بقیہ نمبر 29)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مضرِ صحت خوراک کا دھندہ

لاہور ہائیکورٹ نے مردہ مرغیوں کا گوشت فروخت کرنے کے ایک مقدمے میں گرفتار ملزم کی درخواستِ ضمانت مسترد کرتے قرار دیا کہ گھناؤنے جرائم میں ملوث ملزموں کو کھلی چھوٹ نہیں دی جا سکتی۔ ملک عزیز میں مضرِ صحت خوراک کی فروخت عوامی صحت کا سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ آئے روز مردہ گوشت' ناقص اور غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت اور ضبطی کی خبریں تو سامنے آتی ہیں مگر اس گھناؤنے دھندے میں ملوث عناصر نظام میں موجود خامیوں کے باعث اکثر سستے چھوٹ جاتے اور پھر سے یہ مکروہ دھندا شروع کر دیتے ہیں۔ اس صورتحال کے پیشِ نظر متعلقہ اداروں کو محض چھاپہ مار کارروائیوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ کارروائی کے بعد مقدمات کی مؤثر پیروی' نمونوں کی بروقت جانچ' شواہد کا تحفظ' پولیس کی فوری تفتیش اور ان مقدمات کے منطقی انجام تک پہنچنے کا مؤثر نظام بھی ناگزیر ہے۔

جب تک مضرِ صحت خوراک کے کاروبار سے وابستہ عناصر کو یہ یقین رہے گا کہ کمزور تفتیش یا قانونی سقم ان کیلئے بچ نکلنے کا راستہ فراہم کرسکتا ہے' یہ کاروبار جاری رہے گا۔ ضروری ہے کہ مضرِ صحت خوراک کے خلاف کارروائی کو مستقل اور مربوط مہم کی شکل دی جائے' فوڈ سیفٹی قوانین پر بلاامتیاز عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کیلئے ایسی مؤثر سزائیں مقرر اور نافذ کی جائیں جو دوسروں کیلئے بھی عبرت بنیں۔

تمغوں کی دوڑ

جویریہ صدیق

جب میں چھوٹی تھی تو اپنے والدین سے فرمائش کیا کرتی تھی کہ مجھے یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بھی جانا ہے اور ایئر شو بھی دیکھنا ہے۔ عام طور پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بچوں کو شرکت کی اجازت نہیں ہوتی تھی' تاہم سب بچے پابندی کے باوجود ریہرسل دیکھنے کیلئے بلیو ایریا چلے جاتے تھے۔ اُس وقت ڈی چوک پریڈ گراؤنڈ ہوتا تھا۔ وہاں بنی سیڑھیوں پر بیٹھ کر آرام سے پریڈ دیکھتے تھے۔ کوئی روک ٹوک' پروٹوکول' ٹریفک جام اور عوام و اشرافیہ کی تفریق نہیں ہوتی تھی۔ پریڈ کی ریہرسل دیکھ کر بہت خوشی ہوتی تھی۔ پھر علاقائی رقص' موسیقی اور ملی نغموں سے پیدا ہونے والا جوش و جذبہ دیدنی تھا۔ صوبوں اور مختلف سرکاری اداروں کے فلوٹس (Floats) آتے تھے۔ سپارکو اور اٹامک انرجی کا فلوٹ ہم سب کا پسندیدہ ہوتا تھا۔ 23 مارچ اور 14 اگست کو ہم سب کزنز سارا وقت ٹی وی کے سامنے بیٹھے رہتے کہ کوئی منظر مِس نہ ہو جائے۔ پریڈ پر پرچم کشائی اور اس کے بعد تمغوں کی تقریب نشر ہوتی تھی۔ بڑے بڑے کارنامے انجام دینے والے افراد کو قومی اعزازات دیے جاتے تھے۔ اس وقت دل کرتا تھا کہ بڑے ہو کر ضرور کچھ ایسا کام کرنا ہے کہ ہم بھی قومی تمغے کے حقدار ٹھہریں۔ میں چھوٹی تھی لیکن ایسی چیزوں پر بہت غور کرتی تھی۔ جب کسی کو بعد از مرگ تمغہ دیا جاتا تو مجھے افسوس ہوتا تھا کہ اس کو زندگی میں یہ اعزاز کیوں نہیں دیا گیا۔ مرنے والے کو کیا معلوم کہ اس کی خدمات کو سراہا گیا یا نہیں' لیکن مرحوم کے لواحقین اور اس شعبے سے وابستہ لوگوں کیلئے یہ اعزاز اہم ہوتا ہے۔ جب بھی قومی اعزازات کی تقریب ہوتی تو میں جس شخص کو تمغہ دیا جا رہا ہوتا تھا' اس کے حالاتِ زندگی کو بھی بغور سنتی کہ کن خدمات کے عوض اسے یہ تمغہ تفویض کیا جا رہا ہے۔ اس وقت یہ تمغے بڑی بڑی شخصیات کی زینت بنا کرتے تھے۔ خوشی ہوتی تھی کہ لوگوں کو ان کی محنت کا صلہ ان کی زندگی میں ہی مل گیا۔

مطالعہ پاکستان میرا پسندیدہ مضمون تھا اور میں اپنے زمانہ طالبعلمی میں ایک فلاحی ریاست کے خواب دیکھا کرتی تھی۔ لیکن جب عملی زندگی میں قدم رکھا تو احساس ہوا کہ وطنِ عزیز بہت سی مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ یہاں پر محنت کرنے والے لوگ پیچھے رہ جاتے ہیں اور اقربا پروری' موروثیت سے لوگ بہت سارے آگے نکل جاتے ہیں۔ اگر آپ کے نام کے ساتھ کسی امیر گھرانے کا نام جڑا ہے تو قابلیت نہ بھی ہو' آپ بڑے سے بڑے عہدے پر پہنچ سکتے ہیں۔ پہلے اشرافیہ صرف عہدے' طاقت اور دولت کے پیچھے دوڑتی تھی لیکن اب انہیں قومی اعزازات بھی چاہئیں۔ اب ہمارے ملک میں تمغوں کے حصول کی بھی ایک دوڑ شروع ہو گئی ہے۔ جو لوگ ساری زندگی محنت کرتے ہیں' ملک کی خدمت کرتے ہیں اور ان تمغوں کے حقیقی حقدار ہوتے ہیں وہ اکثر ان تمغوں سے محروم رہ جاتے ہیں' اور کسی امیر کا بیٹا یا بیٹی' یا کسی سیاسی جماعت کیلئے خدمات انجام دینے والے اس کے اہل ٹھہرتے ہیں' ایسا کیوں ہے؟

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے یومِ آزادی کے موقع پر 355 ملکی اور غیر ملکی شخصیات کے لیے سول اعزازات کی منظوری دی ہے' جن کی تقسیم کی باقاعدہ تقریب 23 مارچ 2027ء کو منعقد ہوگی۔ ان 355 شخصیات کی فہرست جاری ہونے کے بعد سے سوشل میڈیا پر تنقید کا سلسلہ جاری ہے۔ بہت سے لوگ اس کو میرٹ کے منافی قرار دے رہے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ 2019ء میں جب پاکستان اور انڈیا کے مابین کشیدگی کا ماحول تھا تو میں نے اپنے لاکھوں فالوورز والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ملک کا دفاع کیا تھا۔ میرے ملک کو جب بھی میری ضرورت ہوگی میں ایسے ہی ملک کا دفاع کروں گی۔ آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے دوران کیے گئے میرے ٹویٹس انڈیا میں مراسلوں اور مضامین کا حصہ بنے۔ انڈین میڈیا نے میرے خلاف باقاعدہ مہم چلائی۔ انڈین حکومت نے میرے ٹویٹر اکاؤنٹ کو بند کرانے کی کوشش کی لیکن میں ڈٹی رہی۔ اسی طرح معرکۂ حق کے دوران جب میرا ٹویٹر (ایکس) اکاؤنٹ اور یوٹیوب چینل انڈیا میں بین کر دیا گیا تو میں نے اپنے فیس بک اور انسٹاگرام اکاؤنٹس کو مادرِ وطن کے دفاع کیلئے استعمال کیا۔ اس بات پر مجھے فخر ہے تاہم میں ان خدمات کو کسی تمغے کا اہل نہیں سمجھتی۔ میرے نزدیک وہ مدیر یا رپورٹر اس کا زیادہ اہل ہے جو تین چار دہائیوں سے کام کر رہا ہے' جس کے پاس کوئی بنگلہ' کوئی گاڑی نہیں' اس کی زندگی آزادیٔ صحافت کیلئے وقف ہے۔ وہ پاکستان کے نظریات کی حفاظت اور کرپشن کا پردہ چاک کر رہا ہے۔ لیکن شاید وہ طاقتور اشرافیہ سے دور ہے لہٰذا اس کا کام ان کی نظروں سے اوجھل ہے۔ یا پھر اس کی سچائی اور بے باکی مقتدر اشرافیہ کو پسند نہیں۔

ملکِ عزیز کے اہم سول اعزازات میں نشانِ پاکستان' نشانِ امتیاز' ہلالِ پاکستان' ہلالِ امتیاز' ستارۂ پاکستان' ستارۂ امتیاز' تمغۂ امتیاز اور صدارتی تمغہ برائے حسنِ کارکردگی شامل ہیں۔ اگر ہم اس کی ترتیب دیکھیں تو پہلے نشان آتا ہے پھر ہلال' پھر ستارہ اور پھر تمغہ۔ ناقدین یہ کہہ رہے ہیں کہ حکومت اگر اپنے وزرا اور اتحادیوں کو ان کی اعلیٰ خدمات پر تمغے دے رہی ہے تو پھر نظام کیوں تباہ ہو رہا ہے؟ اگر ان کی کارکردگی اتنی ہی اچھی ہے تو عوام تک اس کے ثمرات کیوں نہیں پہنچ رہے۔ عوام مہنگائی کے بوجھ تلے کیوں دبے ہوئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر یہ بحث بھی جاری ہے کہ جن کو پہلے تمغہ مل چکا ہے' ان کو دوبارہ کیوں دیا جا رہا ہے؟ اس سے وہ لوگ حق سے محروم ہو رہے ہیں جو اس تمغے کے اصل حقدار ہیں۔

اب بات کرتے ہیں کہ تمغوں کا میرٹ کیا ہے؟ کیا صرف حکمرانوں کے قریبی یا ان کی صفوں میں شامل افراد ہی تمغوں کے حقدار ہیں؟ سول اعزازات ضرور دیے جانے چاہئیں لیکن صرف ان شہریوں کو جنہوں نے اپنے اپنے شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ جنہوں نے ملک کے دفاع کیلئے اپنی جان دینے سے گریز نہیں کیا۔ وہ سیکورٹی اہلکار جو دہشت گرد حملوں کو ناکام بناتے ہیں' وہ اساتذہ جو ٹاٹ پر بیٹھ کر طالبعلموں کو تعلیم دے رہے ہیں' وہ لوگ جو خواتین کی حفاظت کیلئے خود تیزاب میں جھلس جاتے ہیں' وہ افراد جو سیاحوں کو دریا کے بے رحم موجوں سے زندہ کھینچ لاتے ہیں' ایسے لوگ جو اپنی مدد آپ کے تحت جنگل اگا رہے ہیں اور ایسے افراد جو نہ صرف شہریوں کو بارشی پانی ذخیرہ کرنے کی ترغیب دے رہے ہیں بلکہ بڑے پیمانے پر یہ کام عملاً کر رہے ہیں۔ ایسے افراد تمغوں کے حقدار کیوں نہیں ہیں؟ میں زرعی ترقیاتی یونیورسٹی کے ایک ایسے ڈین کو جانتی ہوں جن کی محنت کی وجہ سے مورنگا اور کینوا دنیا بھر میں استعمال ہونا شروع ہوئے' لیکن انہیں کوئی ایوارڈ نہیں ملا۔ کیا یہ اقتدار کی راہداریوں سے دور ہیں اس لیے کمیٹی تک ان کے نام نہیں پہنچ پاتے؟ اب تو سوشل میڈیا کا زمانہ ہے' اگر کوئی شخص عوام یا ملک کی خدمت کرتا ہے تو وہ نظروں سے اوجھل نہیں رہتا۔

سول ایوارڈز کیلئے نام تجویز کرنے کیلئے ایسی کمیٹی بنانے کی ضرورت ہے جو مکمل تحقیق' مکمل ہوم ورک اور میرٹ کے بعد صرف حقداروں کے نام ہی تجویز کرے۔ مختلف شعبوں' اداروں اور سول سوسائٹی سے لوگ اس کمیٹی میں شامل ہوں اور اس میں سے سیاسی اجارہ داری ختم کی جائے۔ بالفرض اگر صحافیوں کو ایوارڈ دینے ہیں تو میڈیا گروپس' صحافتی یونینز اور پریس کلبوں کی مشاورت سے لوگوں کو منتخب کیا جائے۔ ایسے افراد کو منتخب کیا جائے جنہوں نے واقعی عوام کیلئے کچھ کام کیا ہو۔ ہر صوبے کا کوٹہ ہو' صرف ایک شہر' ایک جماعت کی جھولی میں سارے تمغے نہ ڈال دیے جائیں۔ اس سے مایوسی اور بددلی پھیلتی ہے۔ ان تمام تمغوں پر محنتی لوگوں اور تمام صوبوں کا برابر حق ہے۔ موجودہ نظام میں تمغوں کی دوڑ میں لگی ہوئی ہے۔ جب تک یہ نظام اپنا وقت مکمل کرے گا' غالب گمان ہے کہ حکومت کے من پسند افراد کے پاس فی کس آدھا درجن تمغے تو جمع ہو چکے ہوں گے۔

ایران امریکہ تنازع اور امتِ مسلمہ

خورشید ندیم

ایران امریکہ تنازع میں سب سے زیادہ نقصان امتِ مسلمہ کو پہنچا ہے۔ یہ تصور بھی متاثر ہوا اور اس کے ساتھ مسلم ریاستوں کے مابین آویزش میں بھی اضافہ ہوا۔ ایران اور متحدہ عرب امارات میں تناؤ اسی کا ایک اظہار ہے۔ پاکستان نے مقدور بھر کوشش کی کہ غزہ اور پھر ایران پر امریکہ کے جارحانہ حملے سے جو وحدتِ فکر پیدا ہوئی' اسے کوئی عملی صورت دے۔ سعودی عرب' ترکیے اور پاکستان کا دفاعی معاہدہ اس باب میں ایک اہم پیش رفت تھی۔ پاکستان کی یہ کاوش مگر اس خلیج کو کم نہیں کر سکی جسے وقت نے پیدا کیا اور پھر مسلسل اس میں اضافہ کیا ہے۔ ایران اور عربوں کے اختلافات میں نہ صرف کمی نہیں آئی' بلکہ اضافہ ہوا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا انہیں ختم کرنا ممکن ہوگا؟

سیاسی اختلاف جب مذہبی رنگ اختیار کر لیتا ہے تو اس کی سنگینی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اختلاف اگر طبیعیاتی رہے تو قابلِ حل ہوتا ہے۔ جیسے ہی اس میں مابعد الطبیعیات کا تڑکا لگتا ہے' اسے طبعی اصولوں کے ساتھ حل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ لوگ اس باب میں یورپی ممالک کی مثال دیتے ہیں۔ جنگِ عظیم کے بعد انہوں نے اپنے اختلافات کو ختم کیا اور پُرامن بقائے باہمی کے اصول کو دل و جان سے قبول کرتے ہوئے کثرت میں وحدت کو تلاش کر لیا۔ یہ مثال دینے والے کہتے ہیں کہ مسلم ممالک ایسا کیوں نہیں کر سکتے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مگر یہ منکشف ہوا ہے کہ ایسا ہونا آسان نہیں۔ جب سیاسی اختلاف کی جڑیں مذہب کی سرزمین میں اُتر جائیں تو پھر معاملات ایک دوسرا رخ اختیار کر لیتے ہیں۔ ایک سیکولر ذہن ہی سیاست کو سیاسی سوچ کے تحت دیکھ سکتا ہے۔

ایران اور عربوں کے اختلاف بھی مذہبی ہیں۔ صدیوں پر محیط اس کی ایک تاریخ ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں آج جھگڑا تسلط کا ہے۔ اہلِ تشیع کو تاریخ میں دوسری بار یہ موقع ملا کہ وہ دنیائے اسلام پر اپنی سیاسی بالادستی قائم کر سکیں۔ فاطمی سلطنت' مسلم تاریخ میں ایک ایسا باب ہے جو اہلِ سنت کی اس بالادستی کے سلسلے کو توڑتا ہے جو رسالت مآب ﷺ کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد شروع ہوئی اور جس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ اس کا آغاز سقیفہ بنی ساعدہ سے ہوا۔ ایران میں صفویوں سے لے کر رضا شاہ پہلوی تک' ایرانی قومیت کی عصبیت تو تھی' اس میں مذہب کا تڑکا نہیں لگا تھا۔ 1979ء کے بعد جو انقلاب آیا اس میں مذہبی رنگ نمایاں تھا۔ صفویوں کے ساتھ ہمیں عالم اسلام کے اہلِ تشیع اس طرح وابستہ دکھائی نہیں دیتے جیسے ایران کی موجودہ قیادت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ اس کے ساتھ ایران کا انقلاب کو منتقل کرنے پر اصرار' جس کا ثبوت اس کی پراکسیز ہیں' صورت حال کو کشیدہ بناتا ہے۔

عربوں نے 1979ء کے بعد مذہبی بنیادوں پر اس کا مقابلہ کرنا چاہا۔ ایران کے خلاف عالم اسلام میں ایک فکری تحریک برپا ہوئی' بہت سی تنظیمیں وجود میں آئیں اور بہت سا لٹریچر تیار ہوا۔ تاہم سعودی عرب کی موجودہ قیادت ان مباحث سے لاتعلق ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ وہ مذہب کی بنیاد پر سیاسی بالادستی کے کسی تصور کو آگے بڑھاتی نظر نہیں آتی۔ شہزادہ محمد بن سلمان ترقی کے جس ماڈل پر یقین رکھتے ہیں اس میں مذہب شامل نہیں ہے۔ وہ اس بات کا اعلانیہ اظہار کر چکے ہیں کہ سعودی عرب ایک خاص تعبیرِ دین کے فروغ کے لیے کوشاں رہا لیکن اب یہ ماضی کا قصہ ہے۔ حالیہ دور میں اس کے شواہد میسر نہیں کہ وہ دنیا میں کسی خاص مذہبی نقطۂ نظر کا فروغ چاہتا ہے۔ کیا یہ اس بات کی علامت ہو سکتی ہے کہ مسلم دنیا میں مذہبی اختلاف کم ہو؟

اس کا جواب صرف اسی صورت میں اثبات میں دیا جا سکتا ہے جب ایران کی طرف سے اس کا مثبت جواب آئے۔ تاریخ میں ایک اختلاف عثمانیوں اور عربوں کا بھی رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے میں مگر سعودی عرب اور ترکیے دونوں شامل ہیں۔ میں اس کو قبول کرنے میں' تادمِ تحریر متردد ہوں کہ عربوں اور ترکوں میں مستقبل میں کوئی محاذ آرائی نہیں ہوگی' تاہم محمد بن سلمان اور طیب اردوان' دونوں نے اب تک صاحبانِ بصیرت ہونے کا مظاہرہ کیا ہے۔ وہ اس وقت ساتھ چلتے دکھائی دیتے ہیں۔ خیال ہوتا ہے کہ اگر ان کے مفادات براہِ راست متصادم نہ ہوئے تو یہ اتحاد باقی رہ سکتا ہے۔

اصل مسئلہ ایران کا ہے کہ کیا وہ اپنے مسلکی تشخص کو پس پشت ڈالنے پر آمادہ ہے؟ اس کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ وہ اپنی پراکسیز کو ختم کرے جنہیں مسلکی بنیادوں پر کھڑا کیا گیا ہے۔ مجھے اس کے آثار دکھائی نہیں دیتے۔ اس کا امکان اسی وقت پیدا ہوگا جب ایران میں ایسی قیادت برسرِ اقتدار آ جائے جو غیر مذہبی ہو۔ اس کا امکان بھی سردست موجود نہیں ہے۔ اگر تھا بھی تو امریکی جارحیت نے اسے اس وقت ناقابلِ ذکر بنا دیا ہے۔ گورننس اور معیشت کے مسائل تو موجودہ حکومت کے لیے چیلنج بن سکتے ہیں مگر اس کا کوئی امکان نہیں کہ نظریاتی سطح پر اس رجیم کو کوئی چیلنج کرے۔ گویا ایران اپنی مذہبی بنیادوں اور تشخص کے ساتھ اپنا امتیاز باقی رکھے گا۔ اس کے ہوتے ہوئے اس کا امکان کم ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں میں وہ وحدت پیدا ہو جس کا ہم خواب دیکھتے ہیں۔

مسلم سیاسی فکر کے ایک طالب علم کے طور پر میرا تاثر ہے کہ جماعت اسلامی اور ایرانی فکری قیادت کا قرب یہ بتاتا ہے کہ دین اسلام کی جس تعبیر کو ہم "سیاسی اسلام" کہتے ہیں وہ سنی شیعہ سیاسی اتحاد کا باعث بن سکتا ہے۔ مسئلہ مگر یہ ہے کہ محمد بن سلمان اب اس کے بھی حامی نہیں رہے۔ اخوان المسلمون کے بارے میں سعودی سیاسی قیادت کا نقطۂ نظر اب وہ نہیں رہا جو پہلے کبھی تھا۔ طیب اردوان کے لیے بھی یہ قابلِ قبول ہو سکتا ہے۔ اگرچہ ان کے ہاں ترک عصبیت اسی طرح توانا ہے جس طرح ایرانیوں میں ایرانی عصبیت۔ تاہم یہ ممکن ہے کہ "اسلامی ریاست" کے تصور کی سطح پر وہ ایرانیوں سے قریب ہو جائیں۔ اس وقت مذہب اور سیاست کو ہم رکاب رکھنے کے لیے دونوں کی سوچ ایک ہی ہے۔ یہی وجہ تھی کہ جماعت اسلامی نے ایرانی انقلاب کا خیر مقدم کیا تھا اور ایرانی قیادت بھی علامہ اقبال اور مولانا مودودی کے بارے میں عقیدت اور محبت کے جذبات رکھتی ہے۔

امریکہ نے ایران پر حملہ کر کے دراصل مسلمانوں کے پرانے اختلافات کو زندہ کر دیا ہے۔ اس تنازع کا ہمیں سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ امریکہ تو تیلی لگانے کے بعد رخصت ہو جائے گا' جیسے افغانستان سے نکل گیا تھا۔ یہاں اس کے نتیجے میں پاکستان اور افغانستان متصادم ہو گئے اور مشرقِ وسطیٰ میں لگتا ہے کہ ایران اور عرب بھی اسی جگہ کھڑے ہوئے ہیں۔ کیا مسلمانوں کی فکری اور سیاسی قیادت یہ نہیں جان سکتی کہ اسے ان حالات کا کیسے سامنا کرنا ہے؟ جو بات میری سمجھ میں آ رہی ہے کیا ان کو نہیں سمجھ آ رہی؟ میرے پاس اس سوال کا ایک ہی جواب ہے: طاقت کی جبلت ہر جگہ ایک ہی طرح سے نمودار ہوتی ہے۔ مذہب سمیت ہر عصبیت اس کے لیے محض ایک ہتھیار ہے۔

SPORTS سپورٹس

پیس پیس کہہ کر عباس کے تین سال ضائع کر دیے

پاکستان کرکٹ اگر ٹھیک نہیں کریں گے تو ہاکی سے بھی برا حال ہوگا، کامران اکمل

لاہور (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر کامران اکمل نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ کا مذاق بن گیا ہے اگر ٹھیک نہیں کریں گے تو ہاکی سے بھی برا حال ہوگا۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر کامران اکمل نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز بہت چیلنجنگ ہوگی، انگلینڈ کی ٹیم مجھے اس سے پہلے اتنی کمزور کبھی نظر نہیں آئی۔ کامران اکمل نے کہا کہ ہیری بروک اور جوروٹ اسکور نہ کریں تو پھر انگلینڈ مشکل میں آ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیس پیس کہہ کر عباس کے تین سال ضائع کر دیے، محمد عباس کے علاوہ ہمارے بولرز تجربہ کار نہیں، ہمیں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا، فیصلے کرنے ہوں گے۔

پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی سہ ملکی ون ڈے سیریز کا شیڈول

راولپنڈی میں تین، لاہور میں تین میچز اور فائنل یکم نومبر کو کرانے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان ہونے والی سہ ملکی ون ڈے سیریز کا مجوزہ شیڈول سامنے آ گیا، جس کے مطابق سیریز 18 اکتوبر سے یکم نومبر تک کھیلے جانے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق سہ ملکی سیریز کا پہلا مرحلہ راولپنڈی میں ہوگا، جہاں 18، 20 اور 22 اکتوبر کو میچز کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ شیڈول کے مطابق سیریز کا دوسرا مرحلہ لاہور میں کھیلا جائے گا، جہاں 25، 27 اور 29 اکتوبر کو میچز شیڈول کیے گئے ہیں، سہ ملکی سیریز کا فائنل یکم نومبر کو لاہور میں رکھنے کی تجویز ہے۔ سیریز میں میزبان پاکستان کے علاوہ انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔

پاکستان ہاکی میں ایک نئے دور کا آغاز: پاکستان ہاکی لیگ 2027 کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی کیلئے ایک بڑی پیشرفت سامنے آ گئی ہے، 2027 کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان ہاکی لیگ کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر اس لیگ کو قومی کھیل کی تاریخ کا ایک سنگ میل بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ اس منصوبے کے تحت گراس روٹ لیول سے نئے اور نوجوان ٹیلنٹ کو آگے لانے، پیشہ ورانہ کوچنگ، بہتر انتظامی ڈھانچے کی فراہمی اور کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر ایکسپوژر دینے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ فیڈریشن حکام کے مطابق قومی کھیل کی بحالی کا سفر شروع ہو چکا ہے اور اسے سابقہ عروج پر واپس لانے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جا رہی ہیں۔

نیشنل ون ڈے چیمپئنز کپ میں شاداب خان کا شاندار کیچ

شمیل حسین کا ایک ہاتھ سے مشکل کیچ پکڑ کر سب کو حیران کر دیا، سوشل میڈیا پر چرچے



ملتان (این این آئی) نیشنل ون ڈے چیمپئنز کپ میں پاکستان گرینز کے کپتان شاداب خان کی شاندار فیلڈنگ کے چرچے ہو گئے، شاداب خان نے فہیم اشرف کی گیند پر پاکستان گولڈ کے اوپنر شمیل حسین کا ایک ہاتھ سے مشکل کیچ پکڑ کر سب کو حیران کر دیا، جس پر ساتھی کھلاڑیوں نے بھی انہیں خوب داد دی، جس کے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہے۔ میچ کے دوران شاداب خان نے فہیم اشرف کی گیند پر شامل حسین کا ایک ہاتھ سے مشکل کیچ پکڑا، کیچ کے دوران شاداب نے گیند پر نظریں جمائے رکھیں اور بروقت چھلانگ لگا کر ایک ہاتھ سے گیند کو قابو کر لیا۔ شاداب خان کے شاندار کیچ پر ساتھی کھلاڑیوں نے بھی انہیں خوب داد دی جب کہ جبکہ شاداب کی شاندار فیلڈنگ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر لی۔

پنجاب کے تمام اسکولز میں ہاکی کا سامان اور کٹس دینے کا اعلان

لاہور (این این آئی) اسپورٹس بورڈ پنجاب نے صوبے کے تمام اسکولز میں ہاکی سامان اور کٹس دینے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہاکی کے سامان کی تقسیم کے حوالے سے اسپورٹس بورڈ پنجاب کا اجلاس ہوا جس میں صوبے کے تمام ڈویژن اسپورٹس افسران نے آن لائن شرکت کی۔ ہاکی کی ترقی کے لیے پنجاب کے تمام ڈویژن میں مرحلہ وار ہاکی کا سامان اور کٹس تقسیم کی جائیں گی۔ ترجمان ایس پی پی کے مطابق راولپنڈی ڈویژن میں 21 اگست کو ہاکی کا سامان تقسیم کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق اسکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے ہاکی کے سامان کی ترسیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

رجب بٹ کی فلمی دنیا میں انٹری، اداکارہ امر خان ہیروئن ہوگی

فی الحال فلم کی شوٹنگ جاری ہے اور اس کی ریلیز سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر رجب بٹ سوشل میڈیا کے بعد اب فلمی دنیا میں قسمت آزمانے کے لیے تیار ہیں۔ فیملی وی لاگز کے ذریعے شہرت حاصل کرنے والے رجب بٹ جلد ایک نئی پاکستانی فلم میں اداکاری کرتے دکھائی دیں گے، جس میں ان کے ساتھ اداکارہ امر خان مرکزی کردار ادا کریں گی۔ رجب بٹ گزشتہ کئی برسوں سے یوٹیوب اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر خاصے مقبول ہیں۔ ان کے یوٹیوب چینل کو تقریباً 90 لاکھ افراد سبسکرائب کر چکے ہیں، جبکہ انسٹاگرام پر بھی ان کے تقریباً 30 لاکھ فالوورز ہیں۔ ان کی مقبولیت کے ساتھ ساتھ ان کی نجی زندگی اور مختلف تنازعات بھی اکثر سوشل میڈیا پر زیرِ بحث رہتے ہیں۔ اب رجب بٹ نے اپنی شہرت کو ایک نئے شعبے میں آزمانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق وہ ایک ایکشن کامیڈی فلم کے ذریعے بڑے پردے پر ڈیبیو کرنے جا رہے ہیں۔ ایکشن اور مزاح سے بھرپور اس فلم کی کہانی سرمد ابراہیم نے تحریر کی ہے جبکہ اس کی ہدایت کاری کے فرائض نامور ڈائریکٹر سید فیصل بخاری انجام دے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فلم کی شوٹنگ کا آغاز بھی ہو چکا ہے اور رجب بٹ کے ساتھ امر خان کو بطور مرکزی اداکارہ کاسٹ کیا گیا ہے۔ یوں یہ فلم رجب بٹ کے لیے نہ صرف فلمی دنیا میں پہلی پیش رفت ہوگی بلکہ ان کے مداحوں کے لیے بھی یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ وہ یوٹیوب کے بعد اداکاری کے میدان میں کس حد تک کامیاب ہوتے ہیں۔ فی الحال فلم کی شوٹنگ جاری ہے اور اس کی ریلیز سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔

اداکار عابد خان مرحوم کو مداحوں سے بچھڑے 26 برس بیت گئے

وہ جہاں بھی موجود ہوتے وہاں محفل قہقہوں کی آوازوں سے گونجتی اور کشت زعفران بنی رہتی

فیصل آباد (این این آئی) سٹیج، ٹی وی، فلم انڈسٹری کے معروف اداکار عابد خان مرحوم کو مداحوں سے بچھڑے 26 برس بیت گئے۔ اداکار و فنکار عابد خان کا شمار ملک کے معروف مزاحیہ فنکاروں میں ہوتا تھا۔ انہیں شروع سے ہی مزاح پر بھرپور عبور حاصل تھا جس کے باعث وہ دوستوں کی سنگت میں بہت ہر دلعزیز تھے۔ وہ جہاں بھی موجود ہوتے وہاں محفل قہقہوں کی آوازوں سے گونجتی اور کشت زعفران بنی رہتی۔ اپنی اسی خداداد فنی صلاحیت کے باعث انہوں نے باقاعدہ طور پر سٹیج کی دنیا میں قدم رکھا۔ انہوں نے اپنے طویل فنی سفر کے دوران سینکڑوں سٹیج ڈراموں، کئی ٹی وی پروگرامات اور فلموں میں بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے وہ بطور میزبان ٹی وی پر کئی پنجابی پروگرام بھی کر چکے ہیں۔ عابد خان مرحوم جتنے اچھے فنکار تھے اتنے ہی اچھے انسان بھی تھے۔ عابد خان کو 20 اگست 2000 میں اسلام آباد پرفارمنس کیلئے موجودگی کے دوران اچانک دل کا شدید دورہ پڑا اور وہ اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم کی برسی کے موقع پر ان کے صاحبزادے حسن عابد اور دیگر پرستاروں کی جانب سے فاتحہ اور قرآن خوانی کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

میری کنڈلی میں دوسری شادی لکھی ہے تو سنیتا کو تیار رہنا چاہیے، گووندا

انٹرویو میں جوہی چاولہ اور دیویا بھارتی کو پسند کرنے کا اعتراف بھی کیا تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار گووندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کے درمیان ازدواجی تنازعات کی خبروں کے دوران اداکار کا برسوں پرانا انٹرویو ایک بار پھر توجہ کا مرکز بن گیا ہے جس میں انہوں نے اپنی کنڈلی میں دوسری شادی ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک پرانے انٹرویو میں گووندا نے کہا تھا کہ وہ قسمت پر یقین رکھتے ہیں اور ان کی کنڈلی کے مطابق ان کی زندگی میں دوسری شادی بھی لکھی ہوئی ہے۔ اداکار نے اس وقت یہاں تک کہا تھا کہ مستقبل میں اگر وہ کسی اور خاتون کے ساتھ تعلق میں آئے تو ممکن ہے اس سے شادی بھی کر لیں، اس لیے ان کی اہلیہ سنیتا کو اس امکان کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ اسی انٹرویو میں گووندا نے اپنی ساتھی اداکاراں جوہی چاولہ اور دیویا بھارتی کے بارے میں بھی کھل کر گفتگو کی تھی اور انہیں پسند کرنے کا اعترا

بقیہ 1

محنت اور خون پسینے کی کمائی ہے، اسے رشوت اور کرپشن کی نذر نہیں ہونے دیں گے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ پنجاب میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں اور ان پر کھربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں، ان منصوبوں میں کسان کارڈ، اپنی چھت اپنا گھر سکیم، سڑکوں کی تعمیر، میٹرو منصوبے، گرین بسیں اور ٹرین سسٹم سمیت مختلف شعبوں میں انفراسٹرکچر کی ترقی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کرنے کے لیے متعدد منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جبکہ کسانوں اور کم آمدنی والے افراد کے لیے بھی مختلف فلاحی پروگرام جاری ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ کسان کارڈ کے ذریعے صوبے کے کاشتکاروں کو سہولت فراہم کی جا رہی ہے جبکہ اپنی چھت اپنا گھر سکیم کے ذریعے لوگوں کو گھر بنانے میں مدد دی جا رہی ہے، تاہم کسان کارڈ کے ذریعے لاکھوں کاشتکار مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کا مقصد عوام کے وسائل کو عوام ہی کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنا ہے اور اس مقصد کے لیے کرپشن کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ شفافیت اور میرٹ کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ مریم نواز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے پیسے کے ایک ایک روپے کا تحفظ کیا جائے گا اور کسی کو قومی وسائل میں خیانت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 2

میڈیا اکانمس بھی نئے رولز کے دائرے میں آگئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حکومت مخالف سرگرمیوں یا بیانیہ کی تشہیر میں ملوث سرکاری ملازمین ریڈار پر آگئے ہیں، گمنام یا فرضی اکاؤنٹ سے حکومت یا اداروں کو بدنام کرنے پر بھی کارروائی ہو گی، کوئی افسر ذاتی سوشل میڈیا پر سرکاری کام کو تشہیر کیلئے بھی استعمال نہیں کر سکتا، سرکاری اکاؤنٹس کو بھی ذاتی تشہیر، براڈ کاسٹنگ اور نمائش کیلئے استعمال کرنے پر پابندی لگا دی گئی۔ کسی بھی افسر سے سرکاری یا نجی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات مانگا جاسکتا ہے، سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی پیشگی تحریری اجازت سے بنائے اور چلائے جائیں گے، سرکاری اکاؤنٹس پر صرف تصدیق شدہ سرکاری معلومات اور سرگرمیاں ہی نشر ہوں گی، عہدہ چھوڑنے والا افسر تمام سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا کنٹرول چھوڑنے کا پابند ہوگا، عہدہ چھوڑنے والا افسر لاگ اِن، آرکائیو ڈیٹا اور انتظامی رسائی جانشین کو دے کر جائے گا، حکومتی پالیسی یا موقف کے خلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی، قواعد کے دائرے میں ٹی وی، ریڈیو، پوڈ کاسٹ، بلاگ، ویڈیوز، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا شامل ہیں، رولز کی خلاف ورزی پر سرکاری افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی ہوگی۔

بقیہ 3

نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر ایم اینڈ ای (بلڈنگز) راولپنڈی سعد سلامہ راجہ کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر ایم اینڈ ای راولپنڈی، ایگزیکٹو انجینئر ہائی ویز ڈویژن بہاولپور فرخ ممتاز کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر (اے اینڈ ڈبلیو ون) ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ ساؤتھ زون، ایگزیکٹو انجینئر ہائی ویز ڈویژن میانوالی لیاقت علی انجم کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر ایم اینڈ ای ہائی ویز گوجرانوالہ شاہد محمود کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر ایم اینڈ ای لاہور، ایگزیکٹو انجینئر ہائی ویز ڈویژن بہاولنگر یاسر خان کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل لاہور، ایگزیکٹو انجینئر ہائی ویز ڈویژن وہاڑی عمر لطیف کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل نمبر I فیصل آباد، ڈپٹی ڈائریکٹر IV، ڈائریکٹر آر اے ایم ایس لاہور عامر یعقوب کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر آر اے ایم ایس لاہور، سینئر ریسرچ آفیسر بلڈنگ ریسرچ اسٹیشن لاہور شوکت علی کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر بلڈنگ ریسرچ اسٹیشن لاہور، سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل ساہیوال کاشف شکور کو سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل نمبر II راولپنڈی، سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل نمبر II فیصل آباد توصیف الرحمٰن راٹھور کو سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے مکینیکل سرکل لاہور، سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل نمبر I فیصل آباد رانا اظہر حسین کو سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل بہاولپور، سپرنٹنڈنٹ انجینئر ہائی وے سرکل لاہور حافظ عبدالقادر کو سپرنٹنڈنگ انجینئر ہائی وے سرکل ساہیوال، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل ساہیوال ذوالفقار علی ہاشم کو سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل ڈی جی خان، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل بہاولپور محمد فیصل کو ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی (ہائی ویز) چیف انجینئر پی اینڈ ڈی لاہور، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگز سرکل ڈی جی خان ماجد حمید چغتائی کو ڈائریکٹر (اے اینڈ ڈبلیو I) چیف انجینئر ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ (سنٹرل زون) لاہور، سپرنٹنڈنگ انجینئر عمران رضا زیدی کو ڈائریکٹر (ایڈمن) چیف انجینئر سپیشل ایسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ لاہور جبکہ گریڈ 17 کے افسر سیکشن آفیسر محکمہ خزانہ اقبال آفتاب کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر تعمیرات اینڈ مواصلات تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 4

اپنے مکمل موجودہ اسٹاک، خرید و فروخت اور دستیاب بندوقوں و گولیوں کا ریکارڈ محکمہ داخلہ کے آن لائن پورٹل پر درج کرنے کے پابند ہوں گے۔ پنجاب میں بزنس آرمز لائسنس ہولڈرز کے لیے باقاعدہ انوینٹری ماڈیول بھی نافذ کر دیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ کے مطابق اسلحہ ڈیلرز کے موجودہ اسٹاک اور خرید و فروخت کے اندراج کے لیے 26 اگست کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے۔ تمام ڈیلرز کو مقررہ تاریخ تک اپنے موجودہ اسٹاک کا مکمل ریکارڈ آن لائن درج کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو اپنے متعلقہ اضلاع کے اسلحہ ڈیلرز کی تفصیلات بھی ارسال کر دی ہیں۔

بقیہ 5

اوسیز کی منسوخی سے متعلق چیف کلکٹرز، ڈائریکٹرز اور ڈائریکٹر جنرلز کو باقاعدہ آگاہ کر دیا ہے جبکہ تمام سابقہ اجازت نامے واپس لینے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ نئے احکامات کے مطابق پاکستان کسٹمز سروس کے افسران کو آئندہ کسی بھی معاملے میں این او سی حاصل کرنے کے لیے نئے قواعد کے تحت درخواست دینا ہوگی۔ ایف بی آر نے ہدایت کی ہے کہ درخواست گزاروں کو کنڈیکٹ رولز 2026ء کے مطابق مقررہ ایس او پیز پر بھی مکمل عمل درآمد کرنا ہوگا۔

بقیہ 6

قومیں اپنے ہیرو کو کبھی فراموش نہیں کرتیں۔ پوری قوم اس عظیم قومی ہیرو کو عقیدت و احترام کے ساتھ سلام پیش کرتی ہے۔ راشد منہاس شہید کا جذبہ حب الوطنی رہتی دنیا تک ہماری رہنمائی کرتا رہے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ راشد منہاس شہید نے کم عمری میں وطن کی حرمت، خودمختاری اور وقار کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کر کے حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی۔

بقیہ 7

وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کو معاملات طے کرنے کے لئے دعوت دیتا ہوں، حکومت اپوزیشن سے باہمقصد بات چیت کیلئے تیار ہے، ہم نے ہمیشہ مکالمے کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں کمی خوش آئند ہے، وزیر پٹرولیم کی کاوشوں سے پٹرول کی قیمت میں 32 روپے کمی کی گئی، حکومت عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ 8

صفائی برقرار رکھنے والوں کو انوائرمنٹ فرینڈلی سٹیزن سٹیکر دیا جائے گا، صفائی برقرار رکھنے والے شہریوں کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی طرف سے گفٹ/شیلڈ ملے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایم ڈی واسا زکو روزانہ خود 2 گھنٹے فیلڈ میں جانے کا حکم دیا اور ٹی ایم او اور ایف ایم او کو روزانہ کم از کم 5 یو سی وزٹ کرنے اور صفائی کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں ستھرا پنجاب انٹیگریٹڈ سکواڈ متحرک کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ای بائیک پر سوار انٹیگریٹڈ سکواڈ روڈز، گلی محلوں اور بازاروں میں مانیٹرنگ کریں گے، ستھرا پنجاب ورکرز کے لئے مری کی طرز پر گارنیج بیگ ہمراہ رکھنا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کوتاہی برتنے والے افسروں پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے شہروں اور دیہات میں سٹاف اور ورکرز کی غیر حاضری کی رپورٹ کا سخت نوٹس کیا اور صفائی آپریشن میں کوتاہی اور کھلے پر سخت ترین قانونی کارروائی کرنے کا حکم دیا، گلی محلوں اور روڈز کے اطراف خالی پلاٹس کی صفائی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 9

بارودی مواد، سیفٹی فیوز تاریں اور 300 ڈیٹونیٹرز برآمد کیے گئے۔ بارودی مواد گاڑی میں بنائے گئے ایک خفیہ خانے سے برآمد کیا گیا، جسے بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سول ڈیفنس کی مدد سے محفوظ تحویل میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں محمد سلیم، غلام عباس اور سید حامد علی شاہ شامل ہیں۔ ملزمان نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ بارودی مواد اظہر محمود نامی شخص کی جانب سے بھجوایا گیا تھا۔ ابتدائی بیان میں ملزمان نے بتایا کہ بارودی مواد آگے پہنچانے کے لیے لے جایا جا رہا تھا۔ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ تھانہ ایئرپورٹ میں مقدمہ نمبر 271/26 کے تحت درج کر لیا۔ مقدمہ ایکسپلوسیو سبسٹینسز ایکٹ 1908 کی دفعات 4 اور 5 کے تحت درج کیا گیا ہے۔

بقیہ 10

جیل کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، جس کے مطابق این سی سی آئی اے کی جانب سے گرفتار کیے گئے افراد کو اسی سب جیل میں رکھا جائے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سب جیل کی سکیورٹی اور زیر حراست افراد کی ذمہ داری ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے کی ہوگی۔ سب جیل میں ریکارڈ کی دیکھ بھال کے لیے این سی سی آئی اے کا بی پی ایس 17 سے کم نہ ہونے والا افسر مقرر کیا جائے گا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ سب جیل کا قیام فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور آئندہ احکامات تک برقرار رہے گا۔ سب جیل کے قیام کی اطلاع وزارت داخلہ، این سی سی آئی اے، آئی جی اسلام آباد اور ضلعی انتظامیہ کو بھی دے دی گئی ہے۔

بقیہ 11

انہوں نے مختلف اہم شاہراہوں، نشیبی علاقوں، بازاروں اور رہائشی آبادیوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی کے انتظامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران و فیلڈ ٹیموں سے موقع پر بریفنگ لی، اس موقع پر ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے افسران اور ورکرز کو ہدایت کی کہ بارش کے دوران فیلڈ آپریشنز میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام عملہ مکمل طور پر الرٹ رہے، انہوں نے کہا کہ بارش کے پانی کی نکاسی میں رکاوٹ بننے والی نالیوں، گلیوں اور پانی کے گزرگاہوں کی فوری صفائی کی جائے، جمع شدہ کچرے کو بروقت اٹھایا جائے اور جہاں کہیں پانی کھڑا ہو وہاں نکاسی آب کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، رانا ساجد صفدر نے کہا کہ نشیبی علاقوں میں خصوصی توجہ دیتے ہوئے نکاسی آب کی روانی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور بارش کے دوران فیلڈ سٹاف شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرے، انہوں نے ہدایت کی کہ نالیوں کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ پانی کی روانی متاثر نہ ہو اور شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، ایم ڈی نے مختلف مقامات پر موجود سینئر ورکرز سے بھی ملاقات کی، ان کی حاضری، دستیاب مشینری اور فیلڈ میں درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ورکرز کی بارش کے باوجود خدمات انجام دینے کو سراہتے ہوئے کہا کہ صفائی کے فرنٹ لائن ورکرز شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، تاہم بارش کے دوران اپنی حفاظت کو بھی یقینی بنائیں اور حفاظتی تدابیر پر مکمل عمل کریں، دورے کے دوران رانا ساجد صفدر نے شہریوں سے بھی براہِ راست گفتگو کی اور بارش کے دوران صفائی، پانی کے نکاس اور ویسٹ کلیکٹرز کے حوالے سے ان کی مشکلات اور شکایات سنیں۔ شہریوں نے موقع پر موجود فیلڈ ٹیموں کی جانب سے صفائی اور پانی کی نکاسی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ ایم ڈی نے شہریوں کو یقین دہانی کرائی کہ ستھرا پنجاب ایجنسی کی ٹیمیں بارش کے دوران اور اس کے بعد بھی صفائی کے عمل کو مسلسل جاری رکھیں گی اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ بارش کے دوران گھروں، دکانوں اور مارکیٹوں کا کچرا نالیوں میں پھینکنے سے گریز کریں، کیونکہ کچرے کے باعث پانی کی روانی متاثر ہوتی ہے اور سڑکوں و گلیوں میں پانی جمع ہونے کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف اور محفوظ شہر کے لیے اداروں کے ساتھ شہریوں کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے، رانا ساجد صفدر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بارش کے دوران صفائی، ویسٹ لفٹنگ، نالیوں کی صفائی اور نکاسی آب کے آپریشنز بلا تعطل جاری رکھے جائیں اور کسی بھی مقام پر پانی کھڑا ہونے یا صفائی کی شکایت کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 12

کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے، بھارت مقبوضہ کشمیر کی متنازع حیثیت بدلنے کی جتنی کوشش کرے، حقائق تبدیل نہیں کر سکتا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ کشمیر پر پاکستان کا مؤقف یو این کی قراردادوں اور حقِ خودارادیت پر مبنی ہے، امریکی سفیر کا کشمیر کو بھارت کا حصہ قرار دینا واشنگٹن کے سابقہ مؤقف سے مطابقت نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد کشمیر پر امریکی صدر کے بیان کا پاکستان نے خیر مقدم کیا، پاکستان اور بھارت کے درمیان امن کی راہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہی نکل سکتی ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ کشمیر پر یک طرفہ بھارتی مؤقف عالمی سطح پر تسلیم شدہ حقیقت کے طور پر پیش کرنا درست نہیں، امریکی قیادت کے پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کردار ادا کرنے کی پیشکش کو سنجیدگی سے آگے بڑھانا چاہیے

بقیہ 13

229 ویں اجلاس میں دی گئی جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر نادیہ نسیم نے کی۔ نظرثانی شدہ نصاب میں آپریٹو ڈینٹسٹری، پروستھوڈونٹکس، آرتھوڈونٹکس اور اورل اینڈ میکسیلو فیشل سرجری شامل ہیں۔ یو ایچ ایس کے مطابق نئے ایم ڈی ایس نصاب کو جدید طبی تعلیم اور موجودہ کلینیکل ضروریات سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔ نظرثانی شدہ نصاب ایچ ای سی اور پی ایم ڈی سی کی گائیڈ لائنز کے مطابق تیار کیے گئے، جبکہ یو ایچ ایس لیول تھری ایم ڈی، ایم ایس اور ایم ڈی ایس ریگولیشنز 2024 کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔

بقیہ 14

سے اجلاس ہوا، جس میں الیکشن کمیشن کو پنجاب میں حلقہ بندیوں کا عمل مکمل ہونے سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 140A کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد آئینی تقاضہ ہے، الیکشنز ایکٹ کے تحت مقامی حکومتوں کی مدت ختم ہونے کے 120 دن کے اندر انتخابات کروانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ وزیر لوکل گورنمنٹ پنجاب ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب صوبے میں بلدیاتی انتخابات کروانے کے لیے پرعزم ہیں، انتخابات کے انعقاد اور مناسب وسائل کی فراہمی کے لیے وقت درکار ہے۔ ذیشان رفیق نے مزید بتایا کہ امتحانات اور دھند کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے 15 دسمبر سے 15 جنوری کی تواریخ تجویز کی گئیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ صوبائی حکومت مرحلہ وار بلدیاتی انتخابات کروانا چاہتی ہے، الیکشن کمیشن نے مرحلہ وار انتخابات سے متعلق پنجاب حکومت سے جلد پلان طلب کر لیا۔

بقیہ 15

ہیڈ کوارٹرز کے حوالے سے متعلقہ انتظامی امور کا تعین کرنا ہے، کابینہ کی منظوری کے بعد دفاعی افواج ایکٹ 2026 کا مسودہ پارلیمان کے جاری اجلاس میں منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ وفاقی کابینہ نے نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 (National Command Authority Act 2010) میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی جو 27 ویں آئینی ترمیم کے بعد ایک ضروری عمل تھا۔ نیشنل کمانڈ ایکٹ 2010 میں ترمیم شدہ مسودہ بھی منظوری کے لیے پارلیمان میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 16

دھوئی نہیں بلکہ ایک باقاعدہ انتظامی ایکسر سائز ہے۔ پری مون سون کے دوران ڈی سلٹنگ، نالوں اور ڈرینز کی صفائی، مشینری کی دستیابی، متعلقہ ٹیموں کی ڈیوٹیاں اور ایس او پیز طے کیے جاتے ہیں تاکہ بارش کے دوران ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں جن بازاروں کی تزئین و آرائش اور بحالی کی گئی ہے، وہاں زیرِ زمین ڈرینج اور سیوریج کا نظام بھی بچھایا گیا ہے تاکہ ان علاقوں میں بارش کے پانی کی نکاسی کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ راجہ بازار، موتی بازار اور دیگر قدیم و باہم منسلک بازاروں کے حوالے سے بھی حکومت تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے۔ اگر کسی اطراف کے بازاروں سے پانی راجہ بازار کی جانب آ رہا ہے تو اس کی وجوہات کا فوری جائزہ لے کر ضروری ہنگامی اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب خود نکاسی آب کے عمل کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں اور انتظامیہ سے بارش کے دوران پانی کے اخراج اور کلیئرنس کے حوالے سے رپورٹس لے رہی ہیں۔ کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ انتظامی و واسا حکام فیلڈ میں موجود رہ کر صورتحال کو مانیٹر کر رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے نیو لالہ زار کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہاں شدید بارش کے بعد چھ فٹ سے زائد پانی جمع ہوا، تاہم واسا اور متعلقہ اداروں کی ٹیموں نے نہ صرف پانی کی نکاسی کی بلکہ ضرورت مند شہریوں کو ریسکیو بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے زمینی حقائق عوام کے سامنے رکھنے کے لیے موقع کی صورتحال اور پانی نکالنے کے بعد کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت بارشوں اور موسمیاتی تبدیلی جیسے حساس معاملات پر سیاست کرنے کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے شدید متاثر ہو رہا ہے اور غیر معمولی بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات کسی ایک حکومت یا صوبے کے اختیار میں نہیں، تاہم ان کے اثرات کم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اطلاعات نے واضح کیا کہ جہاں کہیں کوئی کمی یا کوتاہی سامنے آتی ہے، پنجاب حکومت اسے تسلیم کرنے اور اصلاحی اقدامات کرنے کا حوصلہ رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسی نشاندہی یا میڈیا کی توجہ دلانے کا انتظار نہیں کرتی بلکہ متعلقہ ادارے خود صورتحال کا جائزہ لے کر فوری اقدامات کرتے ہیں۔ شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لاہور، گجرات اور راولپنڈی میں رواں سیزن تاریخ کی شدید ترین بارشوں کے باوجود پنجاب حکومت نے چند گھنٹوں میں پانی کلیئر کیا، پنجاب میں بارش رکنے یا پانی خود خشک ہونے کا انتظار نہیں کیا جاتا بلکہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر واسا اور انتظامیہ فوری طور پر فیلڈ میں متحرک ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے پورے پنجاب میں واسا کا نظام مضبوط کرنے کے ساتھ تقریباً ایک ہزار نئی مشینری فراہم کی، جس کے نتائج ہر بارش میں واضح نظر آتے ہیں۔ میڈیا خود دیکھ رہا ہے کہ کون سی حکومت بارش کے دوران متحرک ہوتی ہے اور کون سی پانی دیکھ کر غائب ہو جاتی ہے، سندھ میں ہر سال بارشوں کے دوران کراچی میں کئی کئی دن پانی کھڑا رہتا ہے، مگر سترہ سال سے حکومت کرنے والے اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے بجائے دوسروں پر تنقید کرتے ہیں، میڈیا کو کوسنے کے بجائے اپنی کارکردگی پر توجہ دیں، کیونکہ سترہ سال بعد بھی اپنی نالائقیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈالنے کی عادت نہیں گئی۔ راولپنڈی کی صورتحال کے حوالے سے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مون سون کا سلسلہ جاری ہے اور آنے والے دنوں میں مزید بارشوں کا امکان ہے۔ حکومت نے اس حوالے سے مکمل تیاری کر رکھی ہے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے الرٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جتنی بھی بارش آئے گی، پنجاب حکومت کی مشینری شہریوں کی سہولت کے لیے گراؤنڈ پر موجود رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک عدالتی معاملے کے حوالے سے پنجاب حکومت نے نظرثانی کی اپیل دائر کی ہے اور حکومت کو اپنی گزارشات اور تحفظات معزز عدالت کے سامنے پیش کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ عدالت کا فیصلہ آنے کے بعد اسے قانون کے مطابق تسلیم کیا جائے گا۔

بقیہ 17

صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کو ممکن بنانے کی بھرپور کوشش کی اور یقینی طور پر شدید بارش اور مشکل موسمی حالات کے باوجود فیلڈ افسران اور سٹاف کی جانب سے بجلی کی فراہمی کی بحالی کے لیے کی جانے والی مسلسل کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔ آئیسکو صارفین سے درخواست کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چودھری خالد محمود نے کہا کہ وہ بارش کے دوران اپنے اور اپنے پیاروں کی جانوں کی حفاظت یقینی بنائیں احتیاطی اور حفاظتی تدابیر پر عمل پیرا رہیں بجلی کی تاروں کھمبوں میٹرز ٹرانسفارمرز اور دیگر تنصیبات سے مناسب فاصلہ رکھیں برقی آلات کو جسم یا ہاتھ گیلے ہونے کی صورت میں کبھی بھی نہ چھوئیں بجلی کی تاروں کے نیچے یا قریب تعمیرات یا ایکسٹینشن سے گریز کریں اور ایسے اقدام کرنے والے افراد کے خلاف محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ انجینئر چودھری خالد محمود نے آئیسکو افسران اور لائن سٹاف کو ہدایات دیں کے وہ کام کے دوران تمام حفاظتی آلات کا استعمال اور سیفی ایس او پی پر عمل یقینی بنائیں کیوں کے کوئی بھی ایمرجنسی جان کو خطرے میں ڈالنے کا جواز پیش نہیں کرتی

بقیہ 18

35 سالہ آسمہ اور 8 سالہ مسکان گولیاں لگنے سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں۔ فائرنگ کے نتیجے میں 3 سالہ زینب بھی منہ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگئی، جسے ریسکیو اہلکاروں نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد جنرل ہسپتال سمن آباد منتقل کر دیا۔ جاں بحق افراد کی لاشیں پولیس کے حوالے کر دی گئیں جبکہ مزید قانونی کارروائی تھانہ ایئرپورٹ پولیس کی جانب سے کی جا رہی ہے۔

بقیہ 19

برآمد کر لیے۔ آخری لاپتا شخص کا جسدِ خاکی نوشہرہ سے برآمد کیا گیا، جس کے بعد سرچ آپریشن مکمل ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثات میں مردان سے تعلق رکھنے والے ایک ہی خاندان کے 3 افراد، باپ اور اس کے 2 بیٹے بھی شامل تھے، جو پانی میں ڈوبنے کے بعد لاپتا ہو گئے تھے۔ ریسکیو ٹیموں نے مسلسل تلاش کے بعد تینوں کے جسدِ خاکی بھی برآمد کر لیے۔ سرچ آپریشن کی براہ راست نگرانی ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا شاہ فہد نے کی، جبکہ صوابی، نوشہرہ، پشاور، چارسدہ اور مردان کی ماہر غوطہ خور اور سرچ اینڈ ریسکیو ٹیموں نے آپریشن میں حصہ لیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق تیز پانی کے بہاؤ، گہرائی اور مشکل حالات کے باوجود غوطہ خوروں نے مسلسل کارروائیاں جاری رکھیں اور تمام لاپتا افراد کو تلاش کر لیا۔ ڈی جی ریسکیو 1122 شاہ فہد نے سرچ آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیموں کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور مسلسل کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل ترین حالات میں بھی لاپتہ افراد کی تلاش اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کرنا ریسکیو 1122 کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 20

جنگ اور مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کی فضائی حدود کی بندش کے باعث ہفتہ وار تقریباً 800 پروازیں متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ روزانہ پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے والی تقریباً 115 پروازیں یا تو بند ہو گئی ہیں یا انہیں متبادل اور طویل فضائی روٹس استعمال کرنا پڑ رہے ہیں، رپورٹ کے مطابق طویل متبادل روٹس کے باعث بھارتی ایئرلائنز کے آپریشنل اخراجات میں بھی نمایاں اضافہ ہو گیا ہے۔ ری فیولنگ، لینڈنگ، ٹیک آف اور پارکنگ چارجز کی مد میں اضافی ادائیگیاں کرنا پڑ رہی ہیں، جبکہ طویل سفر کے باعث فضائی عملے کی اضافی ڈیوٹی کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں۔ نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی اور ورلڈ فلائٹ انفارمیشن سے ملنے والے اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا کہ پاکستان نے 24 اپریل 2025 کو پہلگام واقعے کے بعد بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر دی تھی۔ یہ پابندی آئندہ ماہ 24 ستمبر 2026 تک برقرار ہے، جبکہ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی جانب سے بھارتی ایئرلائنز کے لیے پابندی میں ہر ماہ توسیع کی جاتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پابندی کے باعث تقریباً 800 ہفتہ وار پروازیں متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ شمالی بھارت کے ایئرپورٹس سے مغربی ممالک کے لیے تقریباً 400 ہفتہ وار پروازیں معمول کے مطابق پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرتی تھیں۔ History سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ایئرپورٹ دہلی کا اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے، جہاں سے ہفتہ وار تقریباً 640 پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔ ان پروازوں میں امریکا، برطانیہ، فرینکفرٹ، استنبول اور المانی جانے والی پروازیں شامل ہیں۔ بھارتی ایئرلائنز میں سب سے زیادہ نقصان ایئر انڈیا کو ہوا، جس کے بعد انڈیگو، ایئر انڈیا ایکسپریس، اکاسا ایئر اور اسپائس جیٹ متاثر ہوئی ہیں۔ پاکستان کی فضائی حدود بند ہونے کے بعد بھارتی ایئرلائنز نے ایران اور خلیج کی فضائی حدود کے ذریعے متبادل روٹس استعمال کرنا شروع کیے۔ اس کے نتیجے میں برطانیہ اور یورپ کے لیے پروازوں کے دورانیے میں ایک سے ڈیڑھ گھنٹے جبکہ امریکا اور کینیڈا کے لیے تقریباً تین گھنٹے تک اضافہ ہو گیا ہے۔

بقیہ 21

قرضہ 23 ہزار 166 ارب روپے ہے۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف سے 2 ہزار 845 ارب روپے قرضہ لیا گیا، سال 2021 سے مالی سال 2026 تک حکومت قرضوں پر مجموعی طور 32 ہزار 239 ارب روپے کا سود ادا کیا، سال 2021 سے 2026 تک ایک لاکھ 2 ہزار 780 ارب روپے کا قرضہ واپس کیا۔

بقیہ 22

زیر اہتمام انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسٹینشن ایوارڈز 2026 کی اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کو شاندار تقریب

گھی، دودھ اور کوکنگ آئل کے معیار پر تشویشناک انکشافات

48 فیصد دیسی ٹیبل گھی، 27.4 فیصد کوکنگ آئل، 75 فیصد ریفائنڈ پام اولین، 25 فیصد مائع دودھ کے نمونے غیر معیاری قرار

صوبائی سطح پر سندھ میں غیر معیاری گھی اور کوکنگ آئل کی شرح سب سے زیادہ رہی/ وفاقی وزیر احسن اقبال کا رپورٹ پر تشویش کا اظہار

لاہور (این این آئی) ملک میں فروخت ہونے والے گھی، کوکنگ آئل اور دودھ کی بڑی تعداد کے نمونے مقررہ معیار پر پورے نہ اترنے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی قیمت نگرانی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کی رپورٹ پیش کی گئی جس کے مطابق 48 فیصد دیسی ٹیبل گھی، 27.4 فیصد کوکنگ آئل، 75 فیصد ریفائنڈ پام اولین، 25 فیصد مائع دودھ اور 44.5 فیصد ملک پاؤڈر کے نمونے غیر معیاری قرار پائے۔ رپورٹ کے مطابق 491 نمونے ملک کے مختلف علاقوں سے (بقیہ نمبر 30)

بھارتی حکام نے پاکستانی ہائی کمیشن کی سکیورٹی ہٹا دی

کشمیر سے متعلق امریکی سفیر کے بیان پر پاکستانی احتجاج کے بعد کارروائی کی گئی

نئی دہلی (این این آئی) نئی دہلی میں بھارتی حکام نے پاکستان ہائی کمیشن کا بیرونی سکیورٹی حصار ختم کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پاکستانی ہائی کمیشن کی عمارت کے باہر سے رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں اور وہاں ٹریفک کے لیے نصب حفاظتی ستون بھی ہٹا دیے گئے ہیں۔ پاکستانی ویزا سیکشن کے باہر قطاروں کے لیے لگا احاطہ بھی توڑ دیا گیا ہے، بھارتی حکام نے (بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی: ماڈل راجہ بازار میں بارش کے بعد معمولات زندگی مکمل بحال، شہریوں کی آمدورفت اور کاروباری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں

بات چیت ہونی چاہیے، بات ہوگی تو مسائل کا حل نکلے گا

بانی کو ہسپتال منتقل کرنے سے متعلق میرے پاس کوئی اطلاع نہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے سے متعلق میرے پاس کوئی اطلاع نہیں۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 33)

عمران خان کو پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان، تیاریاں شروع

ہسپتال منتقلی سے متعلق اہم اجلاس میں انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ انہیں پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہونے والے اہم اجلاس کے بعد عمران خان کو پمز منتقل کرنیکا امکان بڑھ گیا ہے تاہم انہیں منتقل کرنے کیلئے حتمی فیصلے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 34)

لاہور صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش سیلاب کا خدشہ

پوٹھوہار، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال اور لاہور میں موسلا دھار بارش کا امکان

کشمیر، مری، گلیات اور اسلام آباد و راولپنڈی کے مقامی نالوں میں طغیانی کا خطرہ، الرٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، سوات، گوجرانوالہ، لاہور اور دیگر علاقوں میں موسلا دھار بارش کی پیش گوئی اور نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، پوٹھوہار، بالائی پنجاب، کشمیر، بالائی و وسطی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے مزید بارش متوقع ہے، بعض (بقیہ نمبر 36)

پنجگور میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پنجگور میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کو اپنی سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ جمعرات کو اپنے بیان میں انہوں نے آپریشن میں 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی ستائش کی اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی بہادری قابلِ تحسین ہے، قوم (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد اور پنجاب کے 36 اضلاع میں اوورسیز کورٹس فعال

کے پی اور سندھ بھی خصوصی عدالتوں کے قیام میں تیزی لائیں، عون چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت سمندر پار پاکستانیز عون چوہدری نے کہا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور تنازعات کے فوری حل کیلئے اسلام آباد اور پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں خصوصی اوورسیز کورٹس مکمل طور پر فعال ہیں، خیبر پختونخوا اور سندھ حکومتیں بھی اپنے صوبوں میں ان عدالتوں کے قیام کے لئے قانون سازی اور عملدرآمد کا عمل تیز کریں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران اظہار خیال کرتے (بقیہ نمبر 39)

مصباح ارشد مس یونیورس پاکستان منتخب ہوگئیں

نومبر میں عالمی مقابلے میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی، رپورٹ

فیلا (این این آئی) مصباح ارشد مس یونیورس پاکستان 2026 کے لیے منتخب کرلی گئی ہیں۔ مصباح 24 نومبر کو پورٹوریکو کے شہر سان خوان میں ہونے والے مس یونیورس 2026 کے عالمی مقابلے میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی۔ مس یونیورس پاکستان 2026 کی تاج پوشی کی تقریب فلپائن کے شہر فیلا کے روزال پارک ہوٹل میں منعقد ہوئی۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بلا امتیاز کارروائیاں جاری

رواں ماہ اگست میں 44 ہزار سے زائد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائیں گئیں

6,50 گاڑیاں و موٹر سائیکلیں مختلف تھانوں میں بند کی گئیں، سنگین ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 544 مقدمات درج کئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس وفاقی دارالحکومت میں مربوط ٹریفک نظام، شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلہ میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ماہ اگست کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 44,078 گاڑیوں، موٹر سائیکل سواروں، مال بردار اور عوامی نقل و حمل کی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائیاں (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی۔ کمیٹی چوک لیڈی ٹریفک وارڈن بارش کے دوران اپنی ڈیوٹی پر موجود ایک موٹر سائیکل سوار فیملی کو ٹرائیک سے متعلق آگاہی دے رہی ہیں

قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل جبکہ دو راہگیروں سمیت تین افراد کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری مئی 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا۔

راولپنڈی۔ مریڑ چوک کے قریب ایک کم عمر بچی اپنی فیملی کے ہمراہ فٹ پاتھ پر سو رہی ہے

کندھ کوٹ: بی سیکشن تھانے کی حدود میں مسلح افراد کی مبینہ لوٹ مار

مزدور سے موبائل فون، 4500 روپے نقدی اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی چھین لی گئی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: بی سیکشن تھانے کی حدود میں جرائم پیشہ عناصر کی مبینہ واردات کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جارہی ہے، جہاں نامعلوم افراد نے گاؤں بگن خان سومرو کی پل کے قریب ایک غریب مزدور کو مبینہ طور پر یرغمال بنا کر اس کے قبضے سے موبائل فون، 4500 روپے نقد رقم اور قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، انسپکٹر ارم خانم کا ایک اور اعزاز

آل پاکستان پاور لفٹنگ ڈیڈ لفٹ چمپئن شپ کے مقابلوں میں 02 گولڈ میڈلز جیت لیے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا ایک اور اعزاز، انسپکٹر ارم خانم نے آل پاکستان پاور لفٹنگ ڈیڈ لفٹ چمپئن شپ کے مقابلوں میں 2 گولڈ میڈلز جیت لیے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کا ایک اور اعزاز، انسپکٹر ارم خانم نے آل پاکستان پاور لفٹنگ ڈیڈ لفٹ چمپئن شپ کے مقابلوں میں 02 گولڈ میڈلز جیت لیے، آل پاکستان پاور لفٹنگ ڈیڈ لفٹ چمپئن شپ کے مقابلوں میں پاکستان بھر سے مختلف ٹیموں نے حصہ لیا (بقیہ نمبر 42)

انسپکٹر ارم خانم نے آل پاکستان پاور لفٹنگ ڈیڈ لفٹ چمپئن شپ کے مقابلوں میں 02 گولڈ میڈلز جیت لیے

وزیراعظم سے شامی وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

پاکستان گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا۔ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے آج وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے شامی وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر احمد الشرع کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان سے اپنی حالیہ ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور شام کے درمیان تاریخی اور گہرے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے (بقیہ نمبر 43)

پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشانِ حیدر) کو خراجِ عقیدت

شہید راشد منہاس کی قربانی حب الوطنی کی لازوال مثال ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشانِ حیدر) کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی قربانی حب الوطنی، جرات اور فرض شناسی کی لازوال مثال ہے۔ جمعرات کو راشد منہاس شہید کی 55ویں برسی کے موقع پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ راشد منہاس شہید نے مادرِ وطن کے دفاع اور سلامتی کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، ان کی بے مثال جرات، فرض شناسی اور وطن (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی: عید میلاد النبی کے سلسلے میں چونگی نمبر 4 گلشن آباد میں جشن چراغاں کا خوبصورت منظر

شہریوں کو لوٹنے والا 3 رکنی بین الاضلاعی گینگ گرفتار

22 موبائل فون، 15 لیپ ٹاپ، 100 ائیر پوڈز اور 100 گھڑیاں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) مورگاہ پولیس نے بیرون ملک سے آئے شہریوں کو لوٹنے والا 3 رکنی بین الاضلاعی گینگ گرفتار کر کے 1 کروڑ 3 لاکھ روپے مالیت کے 22 موبائل فون، 15 لیپ ٹاپ، 100 ائیر پوڈز اور 100 گھڑیاں برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے بیرون ملک سے آئے شہریوں کو لوٹنے والے 3 رکنی بین الاضلاعی گینگ کو گرفتار کرلیا، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے گینگ کی (بقیہ نمبر 45)

مورگاہ پولیس کی بڑی کارروائی، بیرون ملک سے آئے شہریوں کو لوٹنے والا 3 رکنی بین الاضلاعی گینگ گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاون جاری

عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 41 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاون جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 25 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 744 گرام آئس، 550 گرام چرس، ایک رائفل، تین کلاشنکوف اور مختلف بور کے 16 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے متعلقہ (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل گوجرانوالہ اظہر چیمہ گرفتار

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کی سینٹرل جیل کے سپرنٹنڈنٹ اظہر چیمہ کو گرفتار کرلیا گیا۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق سپرنٹنڈنٹ جیل پر کرپشن کے الزامات ہیں۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق اظہر چیمہ کو گرفتار کرنے کے بعد کچھ دیر میں عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

مویشی پال کیلئے جدید لائیوسٹاک آپریشن تھیٹر کا افتتاح

سرگودھا (این این آئی) مویشی پال کے لیے جدید لائیوسٹاک آپریشن تھیٹر کا افتتاح کر دیا گیا زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی میں سیکرٹری پارلیمانی امور لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سردار عاصم شیر میکن نے مویشی پال کے لئے سی وی ایچ جدید آپریشن تھیٹر کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن پر مویشی پال حضرات کو جانوروں کے علاج معالجے کی جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے جدید لائیوسٹاک آپریشن تھیٹر فعال کر دیا گیا ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 32)

انمول پنکی منشیات کیس میں بذریعہ ویڈیو لنک حاضر

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں منشیات کے کیس میں ملزمہ انمول پنکی بذریعہ ویڈیو لنک عدالت میں پیش ہوئی جبکہ عدالت نے شریک ملزمان کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ انسداد منشیات عدالت میں کوکین کوئن انمول عرف پنکی اور دیگر کے خلاف منشیات کیس کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام کی جانب سے ملزمہ انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا، جبکہ (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، 3 منشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 منشیات سپلائر کو گرفتار کرلیا، زیر حراست منشیات سپلائر سے 4 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی، ٹیکسلا پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو حراست میں لے (بقیہ نمبر 38)

6 افراد زیر حراست، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 06 افراد کو حراست میں لے کر 18 لیٹر و 26 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ بنی، سول لائنز، چکلالہ، صدر واہ، روات اور کلر سیداں کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

رشتہ سے انکار، سی ڈی اہلکار کا خاتون پر مبینہ تشدد، گن پوائنٹ پر دھمکیاں

خاتون کو سرعام تھپڑ، بیٹی سمیت جان سے مارنے کی مبینہ دھمکیاں، سی سی ڈی اہلکار معطل، گرفتار

محافظ ہی مبینہ طور پر قانون توڑنے لگیں تو عوام کے تحفظ اور انصاف کا یقین آخر کس سے کیا جائے؟

گوجر خان (قمر شہزاد) رشتہ دینے سے انکار پر سی ڈی اہلکار کی جانب سے خاتون کو مبینہ طور پر سرعام تشدد کا نشانہ بنانے اور گن پوائنٹ پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا واقعہ سامنے آ گیا، جس پر ریجنل آفیسر سی سی ڈی راولپنڈی حسن جہانگیر وٹو نے اہلکار محمد بلال صفدر کو معطل کر دیا، جبکہ جاتلی پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ تھانہ جاتلی کے علاقے تتھہ چھتر کی رہائشی خاتون مسماۃ ''غ'' زوجہ ارشد محمود نے درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ 13 اگست کو شام پانچ بجے وہ اپنی (بقیہ نمبر 52)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کو سن کر متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کئے

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے۔ اس موقع پر مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس (بقیہ نمبر 53)

6 پاکستانی ملاح بحفاظت پاکستان واپس پہنچ گئے ہیں، اسحاق ڈار

جاں بحق ہونے والے دو پاکستانی ملاحوں کی میتیں بھی پاکستان پہنچا دی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حالیہ حوثی حملے میں تنزانیہ کے پرچم بردار تجارتی بحری جہاز پر زخمی ہونے والے چھ پاکستانی ملاح بحفاظت وطن واپس پہنچ گئے ہیں جبکہ جاں بحق ہونے والے دو پاکستانی ملاحوں کی میتیں بھی پاکستان پہنچا دی گئی ہیں۔ سماجی رابطہ کے پلیٹ فارم ایکس پر جمعرات کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ فریقوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ زخمی ملاحوں اور جاں (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی: گنج منڈی میں سیوریج لائن بچھانے کے لیے کھودے گئے روڈ پر بارش کے بعد کیچڑ جمع ہونے سے ٹریفک اور پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

پٹرولیم مصنوعات کے درآمدی بل میں 5.19 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے مجموعی پٹرولیم گروپ کے درآمدی بل میں رواں مالی سال کے پہلے ماہ جولائی کے دوران گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلے میں 5.19 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 1.27 ارب ڈالر کی سطح پر آ گیا۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان کے مطابق جولائی 2026 میں پٹرولیم گروپ کی مجموعی درآمدات 1 ارب 276.732 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2025 میں یہ 1 ارب 346.552 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔

سرکاری سامان گھر میں ذخیرہ کرنے کا انکشاف

پشاور (این این آئی) پیسکو کے مختلف منصوبوں میں بچ جانے والا سرکاری سامان گھر میں ذخیرہ کرنیکا انکشاف ہوا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق نوشہرہ میں واقع گھر پر چھاپا مارکر پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) کا لاکھوں روپیکا سامان برآمد کرلیا گیا ہے جس میں 200 کیوی ٹرانسفارمر، ہائی ولٹیشن کیبلز شامل ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق کراس آرمز اور پیسکو گرڈ اسٹیشنز میں استعمال ہونے والا قیمتی سامان بھی برآمد کیا گیا ہے۔

اسلام آباد پولیس کی "No to Weapon" مہم کے تحت کارروائیاں

تھانہ آبپارہ اور تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیموں نے بروقت کارروائیاں کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار

غیر قانونی اسلحہ رکھنے، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کسی صورت قابلِ قبول نہیں، کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی "No to Weapon" مہم کے تحت بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس تھانہ آبپارہ اور تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیموں نے بروقت کارروائیاں کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات کا اندراج عمل میں لا کر بھرپور قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ایس (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد پولیس کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

223 افراد، 92 گھروں، 23 دکانیں، سات ہوٹلوں 177 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشنز کے دوران 230 افراد، 92 گھروں، 23 دکانیں، سات ہوٹلوں، 177 موٹر سائیکلوں اور 53 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے دو مشکوک افراد اور 16 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 56)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035